The Absolute Reality

www.quran4u.com

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ

بیشک ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا)

بنایا ہے کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا؟

Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سورۃ البلد

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

لَا أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ (1)

ہمیں اس شہر کی قسم

وَأَنتَ حِلٌّ بِهَٰذَا الْبَلَدِ (2)

اور تم اسی شہر میں تو رہتے ہو

وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ (3)

اور باپ (یعنی آدم) اور اس کی اولاد کی قسم

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي كَبَدٍ (4)

بیشک ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے

أَيَحْسَبُ أَنْ لَنْ يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ (5)

کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا؟

يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُبَدًا (6)

کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کیا

أَيَحْسَبُ أَنْ لَمْ يَرَهُ أَحَدٌ (7)

کیا اسے یہ گمان ہے کہ اسے کسی نے دیکھا نہیں

أَلَمْ نَجْعَلْ لَهُ عَيْنَيْنِ (8)

بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟

وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ (9)

اور زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے)

وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ (10)

(یہ چیزیں بھی دیں) اور اس کو (خیر اور شر کے) دونوں رستے بھی دکھا دیئے

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ (11)

مگر وہ گھاٹی پر سے ہو کر نہ گزرا

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ (12)

اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے

فَكُّ رَقَبَةٍ (13)

کسی کی گردن کا چھڑانا

أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ (14)

یا بھوک کے دن کھانا کھلانا

يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ (15)

یتیم رشتہ دار کو

أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ (16)

یا فقیر خاکسار کو

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا

پھر ان لوگوں میں بھی (داخل) ہوا جو ایمان لائے

وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ (17)

اور صبر کی نصیحت اور (لوگوں پر) شفقت کرنے کی وصیت کرتے رہے

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (18)

یہی لوگ صاحب سعادت ہیں

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (19)

اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بدبخت ہیں

عَلَيۡهِمۡ نَارٌ مُّؤۡصَدَةٌۢ (20)

یہ لوگ آگ میں بند کر دیے جائیں گے

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com